جلد | مطبوعہ ۹/۱۶ اگست ۱۹۱۲ء یوم جمعۃ المبارک | نمبر ۲/۳

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اخبار الحق دہلی

سنہ ۱۳۳۰ ہجری

اظہار الدین علی المخالفین

نمبر (۴)

پہلے تین نمبرون مین ہم نے وہ طریق اتمام حجہ علی المخالفین کے منجانب حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام پیشکر دئے ہین جن سے بڑھکر متصور نہین۔ لیکن اس نمبر مین ہم ایک اشتہار سے جو بمقابل عیسائیون کے حضور ممدوح نے واقعہ ۱۴ر جنوری ۹۷ء کو شایع کیا تھا کچھ اقتباس ہدیہ ناظرین کرتے ہین۔ اس اشتہار مین جس کی سرخی "اشتہار مستیقناً بوحی اللہ القہار" ہے اور جو کہ صفحہ کا ہے پہلے یہہ ثابت کیا گیا ہے۔ کہ اسلام ہی سچا مذہب ہے۔ اور اسلام ہی زندہ مذہب ہے۔ جسکا خدا الحی القیوم زندہ ہے۔ جسکا رسول محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم حیات النبی ہے۔ جسکی کتاب فرقان مجید زندہ کتاب ہے جو پیروی کرنیوالے کو وہی برکتین عطا فرماتی ہے جو ابتدا مین پیروی کرنیوالون نے حاصل کی تھین۔ چنانچہ آپ اس دعوے کو اسطرح بیان فرماتے ہین کہ

"مین ہر دم اس فکر مین ہون کہ ہمارا اور نصاریٰ کا کسیطرح فیصلہ ہو جائے میرا دل مردہ پرستی کے فتنہ سے خون ہوتا جاتا ہے اور میری جان عجیب تنگی مین ہے۔ اس سے بڑھکر اور کونسا دلی درد کا مقام ہوگا کہ ایک عاجز انسان (مسیح) کو خدا بنایا گیا ہے اور ایک مشت خاک کو رب العلمین سمجھا گیا ہے مین کبھی کا اس غم سے فنا ہو جاتا اگر میرا مولےٰ اور میرا قادر توانا مجھے تسلی نہ دیتا کہ آخر توحید کی فتح ہے غیر معبود ہلاک ہونگے اور جھوٹے خدا اپنی خدائی سے [illegible] منقطع کئے جاینگے۔ قریب ہے کہ سب ملتین ہلاک ہونگی مگر اسلام اور سب حربے ٹوٹ جاینگے مگر اسلام کا آسمانی حربہ کہ وہ نہ ٹوٹے گا نہ کند ہوگا جب تک دجالیت کو پاش پاش نہ کر دے۔

دنیا مین ایک رسول آیا تا کہ ان بہرون کو کان بخشے کہ جو نہ صرف آج سے بلکہ صدہا سال سے بہرے ہین۔ کون اندھا ہے اور کون بہرہ وہی جس نے توحید کو قبول نہین کیا اور نہ اُس رسولؐ کو جس نے نئے سرے سے زمین پر توحید کو قائم کیا وہی رسولؐ جس [illegible] وحشیون کو انسان بنایا اور انسان سے بااخلاق انسان یعنی سچے اور واقعی اخلاق کے مرکز اعتدال پر قایم کیا اور پھر بااخلاق انسان سے باخدا ہونیکے الٰہی رنگ سے رنگین کیا وہی رسولؐ جس نے مکہ مین ظہور فرما کر شرک اور انسان پرستی کی بہت سی تاریکی کو مٹایا۔ ہان دنیا کا حقیقی نور وہی تھا۔ اس جنابؐ عالی سے پہلے خدا کی عظمت کو ہر ایک ملک کے لوگ بھول گئے تھے۔ اور اس سچے معبود کی عظمت اوتارون۔ پتھرون۔ ستارون۔ اور درختون اور حیوانون اور فانی انسانون کو دیگئی تھی۔ اور یہہ ایک بچا فیصلہ ہے۔ کہ اگر انسان اور حیوان۔ درخت اور ستارے درحقیقت خدا ہی تھے جن مین سے ایک یسوع بھی تھا تو پھر اس رسولؐ کی کچھ ضرورت نہ تھی لیکن اگر یہہ چیزین خدا نہین تھین تو وہ دعوے ایک عظیم الشان روشنی اپنے ساتھ رکھتا ہے۔ جو حضرت سیدنا محمد صلے اللہ علیہ وسلم نے مکہ کے پہاڑ پر کیا تھا۔ وہ کیا دعوے تھا۔ یہی کہ آپؐ نے فرمایا کہ خدا نے دنیا کو شرک کی سخت تاریکی مین پاکر اوس تاریکی کو مٹانیکے لئے مجھے بھیجدیا۔ یہ صرف دعوے نہ تھا بلکہ اوس رسول مقبول نے اس دعوے کو پورا کرکے دکھلا دیا

اگر کسی نبی کی فضیلت اس کے ان کامون سے ثابت ہو سکتی ہے جن سے بنی نوع کی سچی ہمدروی سب نبیون سے بڑھکر ظاہر ہو تو اے سب لوگو! اٹھو اور گواہی دو کہ اس صفت مین محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی دنیا مین کوئی نظیر نہین"

بہرحال خوب سوچو اور سمجھو کہ سچے مذہب کا خدا ایسا مطابق عقل اور نور فطرت چاہئے کہ جسکا وجود اُن لوگون پر بھی حجت ہو سکے جو عقل نور رکھتے ہین مگر ان کو کتاب نہین ملی۔ غرض وہ خدا ایسا چاہئے جس مین کسی زبردستی اور بناوٹ کی بو نہ پائی جائے۔ سو یاد رہے کہ یہہ کمال اُس خدا مین ہے جو قرآن نے پیش کیا ہے۔ اور دنیا کے تمام مذہب والون نے یا تو اصل خدا کو بالکل چھوڑ دیا ہے جیسا کہ عیسائی یا ناواجب صفات یا اخلاق ذمیمہ اسکی طرف منسوب کرا دئیے ہین جیسا کہ یہودی یا واجب صفات سے اسکو علیحدہ کر دیا ہے جیسا کہ مشرکین اور آریہ۔ مگر اسلام کا خدا وہی سچا خدا ہے جو آئینہ قانون قدرت اور صحیفہ فطرت سے نظر آرہا ہے" ملخصاً بلفظہ الشریف

اس زبردست دعوے کو حضور پر نور حجۃ اللہ علی الارض نے نقل کرکے ثبوت مین مندرجہ ذیل دلائل پیش کئے ہین۔

"سچے مذہب کی علامت یہہ ہے کہ مردہ مذہب نہ ہو بلکہ جن برکتون اور عظمتون کی ابتدا مین اس مین تخم ریزی کیگئی تھی وہ تمام برکتین اور عظمتین نوع انسان کی بھلائی کے لئے اُس مین آخیر دنیا تک موجود رہین تا موجودہ نشان گذشتہ نشانون کے لئے مصدق ہو کر اس سچائی کے نور کو قصہ کے رنگ مین نہ ہونے دین۔ ہم دنیا کے بازار مین اچھی چیزون کے خریدنے کے لئے آئے ہین ہمین نہین چاہئیے کہ کوئی مغشوش چیز خرید کر نقد ایمان ضایع کرین۔ زندہ مذہب وہ ہے جسکے ذریعہ سے زندہ خدا ملے زندہ خدا وہ ہے جو ہمین بلا واسطہ ملہم کر سکے اور کم سے کم یہہ کہ ہم بلا واسطہ ملہم کو دیکھ سکین۔ سو مین تمام دنیا کو خوشخبری دیتا ہون کہ یہہ زندہ خدا اسلام کا خدا ہے وہ مرگئے ہیں نہ خدا جن سے اب کوئی ہمکلام نہین ہو سکتا۔ اور اسکے نشان نہین دیکھہ سکتا" ملخصاً

ان نظری دلائل کو بیان فرمانیکے بعد بڑی دلیل (جس سے زندہ مذہب اور زندہ کتاب اور زندہ خدا کا ثبوت دنیا کو مل سکے اور دعوے متذکرہ صدر محض لفاظی اور منطقی و فلسفی طبیعت کا اختراع نہ سمجھا جاوے) جری اللہ فی حلل الانبیاء نے پرزور تحدی سے بطور اتمام حجت کے آخر اشتہار مذکور مین یہہ فرمائی ہے۔

"اس اشتہار کے دینے سے اصل غرض یہی ہے کہ جس مذہب مین سچائی ہے وہ کبھی اپنا رنگ نہین بدل سکتی جیسے اول ویسے ہی آخر ہے سچا مذہب کبھی خشک قصہ نہین بن سکتا۔ سو اسلام سچا ہے مین ہر ایک کو کیا عیسائی کیا آریہ اور کیا یہودی اور برہمو اس سچائی کے دکھلانے کے لئے بلاتا ہون۔ کیا کوئی ہے جو زندہ خدا کا طالب ہے ہم مردون کی پرستش نہین کرتے ہمارا زندہ خدا ہے وہ ہماری مدد کرتا ہے وہ اپنے الہام اور کلام اور آسمانی نشانون سے ہمین مدد دیتا ہے اگر دنیا کے اس سرے سے اوس سرے تک کوئی عیسائی طالب حق ہے تو ہمارے زندہ خدا اور اپنے مردہ خدا کا مقابلہ کرکے دیکھہ لے مین سچ سچ کہتا ہون کہ اس باہم امتحان کے لئے چالیس دن کافی ہین۔ افسوس کہ اکثر عیسائی شکم پرست ہین وہ نہین چاہتے کہ کوئی فیصلہ ہو۔ ورنہ چالیس دن کیا حقیقت رکھتے ہین اتہم کیطرح اس مین تو کوئی شرط نہین دعا کے ذریعہ سے مقابلہ ہوگا جسکا سچا خدا ہے بلا شبہ وہ سچا رہیگا اس باہمی مقابلہ مین بیشک خدا مجھے غالب کریگا اور اگر مین مغلوب ہوا تو عیسائیون کے لئے فتح ہوگی جسمین میرا کوئی جواب نہین اور جو تاوان مقرر ہو اور میری مقدرت کے اندر ہو دونگا۔ لیکن اگر مین غالب ہوا تو عیسائی مقابل کو مردہ خدا سے دست بردار ہونا ہوگا۔ اور بلا توقف مسلمان ہونا پڑیگا۔ اس سے روز کا جھگڑا اسطے ہو جائیگا۔ جو معقول شرط چاہین مجھہ سے کر لین مین میدان مین کھڑا ہون اور صاف صاف کہتا ہون کہ زندہ خدا اسلام کا خدا ہے۔ عیسائیون کے ہاتھہ مین ایک مردہ ہے

جسکو امتحان کرنا ہو میرے مقابلہ مین آوے" انتہیٰ
اس تحدی اور تحدیث نعمت کے بعد حضرت قمر الانبیاء
مسیح موعود علیہ السلام نے نہایت غیرت دلانے والے الفاظ مین
پورے یقین اور اطمینان قلب کے ساتھہ فرمایا کہ

"لعنتی ہے وہ دل جو بغیر مقابلہ کے انکار کرے
اور پلید ہے وہ طبیعت جو بغیر آزمائش کے
منکر رہے۔ پھر مین کہتا ہون کہ کوئی ہے
جو اس آزمائش میں میرے مقابل پر آوے
مردہ پرست کبھی نہین آئینگے دیکھو زندہ مذہب
مین یہہ طاقت ہے کہ اوسکے پابند آسمانی روح اپنے
اندر رکھتے ہین مردون کو جانے دو زندون کے ساتھہ ہو جاؤ"
ملخصاً بلفظ اشتہار مذکور۔

حضرات ناظرین! آپ نے ملاحظہ فرمالیا کہ خدا کا پہلوان تمام نبیون
کا موعود محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا پیارا غلام چودہوین کا چاند خاتم المرسلین کا
مسیح ومہدی علیہ السلام خاتم الاولیاء کس طرح میدان مین کھڑا ہو کر مخالفین
کو للکارتا ہے؟ اور کس استقلال اور ثابت قدمی اور استقامت کے
ساتھہ فرمارہا ہے کہ ؎

میدان مین چون شیر نر۔ تنہا کھڑا ہون بیخطر
آجائے جو خم ٹھونک کر۔ ہے کون ایسا تازہ دم

اسی پر اکتفا نہ کرکے ساتھہ ہی ایک دوسرا اشتہار انعامی
ایکہزار روپیہ تمام عیسائیون کے نام شایع کرکے فرماتے ہین کہ
"مین اس وقت ایک مستحکم وعدہ کے ساتھہ یہ اشتہار
شایع کرتا ہون کہ اگر کوئی صاحب عیسائیون میں سے
یسوع کے نشانون کو جو اس کی خدائی کی دلیل سمجھے
جاتے ہین میرے نشانون اور خوارق سے قوت
ثبوت اور کثرت تعداد مین بڑھے ہوئے ثابت کرسکین
تو مین انکو ایکہزار روپیہ بطور انعام دونگا۔ مین سچ سچ
اور حلفاً کہتا ہون کہ اس مین تخلف نہین ہوگا۔ مین ایسے
ثالث کے پاس یہہ روپیہ جمع کرا سکتا ہون جسپر فریقین
کو اطمینان ہو اس فیصلہ کے لئے غیر مذہب والے
منصف ٹھہرائے جائینگے۔" بلفظ اشتہار
۲۰ / جنوری ۱۹۰۷ء

ان ہر دو اشتہارات کے مندرجہ بالا اقتباسات کو پڑھنے
سے یہہ امر تو بپایہ ثبوت پہونچا ہوا ہے کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام
نے ان مین چند امور بیان کئے ہین (۱) زندہ مذہب اسلام ہے
(۲) زندہ خدا اسلام کا خدا ہے (۳) زندہ مذہب وہی کہلا سکتا ہے
جس مین آثار حیات اسی طرح ہر زمانہ مین پائے جائین جسطرح اس مذہب
کی ابتدا مین پائے جاتے تھے اگر ایسا نہین تو اوس مذہب کا یہ دعویٰ
کہ کبھی وہ بابرکت بامراد اور پسندیدہ خدا تھا محض قصہ ہے جسکا ثبوت
کچھہ نہین پس ابتدائی برکات کی تصدیق جبھی متصور ہے جبکہ ہر زمانہ مین ایسے
مذہب کے پیرو کار اپنے وجود مین اوس مذہب کی پیروی کی برکتین
دکھا سکین (۴) زندہ خدا وہی ہے۔ جو ہر زمانہ مین اپنے الحی القیوم ہونیکا
ثبوت دُنیا مین ظاہر کرتا ہے اور یہہ ثبوت بجز اسکے کہ اپنی آواز اوس
مذہب کے سچے پیرو کو سنا وے جس مذہب کے متعلق خدا کا یہہ
وعدہ ہے کہ ان الدین عند اللّٰہ الاسلام اگر اب خدا کسی سے متکلم
نہین اور سچے تتبع سے ہمکلام نہین ہوتا تو پہلے کسی زمانہ مین اُسکا
انسانون سے ہمکلام ہونا بھی محض قصہ ہے جبکہ نہ کوئی ثبوت نہ زندہ
مثال نہ خدا کے زندہ ہونے پر بجز اسکے کوئی اور دلیل قائم (۵) مین مسیح
موعود ہر ایک کو عیسائی ہو یا آریہ ہو سائی ہو یا برہمو اس دعوے کا ثبوت
دینے کے لئے میدان مین کھڑا ہون جسکا جی چاہے مجھہ سے بذریعہ
ہمکلامی خدا (جو زندہ خدا اور زندہ مذہب کے پیرو ہونیکی دلیل ہے) مقابلہ
کرلے (۶) اس باہمی امتحان کے لئے صرف چالیس دن کافی ہین (۷)
اگر مین مغلوب ہوا اور ۴۰ روز مین اسکا ثبوت نہ دے سکا تو ہر ایک
تاوان جو میری مقدرت مین ہو ادا کرونگا (۸) اگر مین غالب ہوا تو فریق مقابل
سے سوائے تصدیق اسلام اور مسلمان ہونیکے اور کوئی شرط نہین۔
(۹) جو شخص اس صاف اور آسان طریق فیصلہ سے روگردانی کرے
اور بغیر آزمائش وامتحان کے منکر رہے وہ لعنتی اور ناپاک فطرت ہے (۱۰)
کوئی نہین جو اس آزمائش کے لئے میرے مقابل پر آوے (۱۱) میرے
نشانات وخوارق کے مقابلہ مین اگر کوئی عیسائی یسوع کے معجزات کو
بلحاظ کثرت تعداد اور قوت ثبوت بڑھکر ثابت کردے تو ایکہزار روپیہ انعام
دونگا (۱۲) یہہ انعام قبل از فیصلہ کسی ثالث کے پاس جمع کرادیا جائیگا (۱۳)
اس امر کے فیصلہ کے لئے غیر مذہب والے منصف مقرر ہونگے" ان
امورات کو بالصراحت ہر ایک شخص اقتباس منقولہ بالا مین ملاحظہ کرسکتا
ہے۔ اب سوال یہہ ہے کہ آیا آجکل کے مدعیان اسلام ٹھیکہ داران

دوزخ کو اسلام نے زندہ مذہب اور اسلام کے زندہ خدا اور اسلام کی زندہ کتاب ہونے مین شک و تردد ہے یا یقین و ایمان؟ بصورت اول یعنے شک و تردد ہے تو اپنے مذہب کو دوسرے مذاہب پر کیا ترجیح دے سکتے ہین۔ بصورت ثانی اگر یقین و ایمان ہے تو اس کا ثبوت انکے پاس کیا ہے؟ کوئی زندہ نمونہ انکے سامنے ایسا ہے جو یہہ کہتا ہو کہ سہ

آن خدائے کہ از و اہل جہان بے خبر اند

بر من او جلوہ نمودست گر اہلی وپذیر

مین بلا خوف تردید کہتا ہون کہ مسیح موعود علیہ السلام کے منکرین و مخالفین مین کوئی ایک النفس موجود نہین جو اسکو وہ ثبوت دعوے مین پیش کر سکین۔ اس سوال کے بعد اب دوسرا سوال یہہ ہے کہ جن لوگون کو حضرت جری اللہ نے چالیس روزہ دعوت دی تھی۔ اور جن کو یسوع کے نشانات مقابلہ مین پیش کرنے کا چیلنج دیا تہا۔ ان مین سے ایک فرد بھی اس امتحان و مقابلہ مین بہر میدان نکلا؟ کسی نے دعوت چہل روزہ کو قبول کیا؟ کسی نے یسوعی معجزات کی کثرت و قوت کا مقابلہ کر کے دکھایا؟ ہرگز نہین! اگر کوئی ہے تو وہ اوسکا نام لیوے جو اس میدان کا مرد بنا ہو۔ ورنہ توبہ کرے اور اللہ سے ڈرے۔ بدگمانی سے بچے اور خدا کے برگزیدہ کا مصدق ہو جائے۔ کاش کوئی کان رکھتا ہوا سنے اور آنکہین رکھتا ہوا دیکھے اور دل رکھتا ہوا سمجھے۔

اس کے بعد مخالفین سے یہہ بھی پوچھو۔ کہ اے منکرو! اگر تم مین قوت فیصلہ یا تاب مقابلہ نہ تھی تو تم کم از کم اس بیہودہ گوئی اور تکفیر فروشی سے باز رہکر کف لسان ہی اختیار کرتے۔ تم کو کس نے خدائی فوجدار اور دوزخ کا ٹھیکہ دار یا بہشت کا ذمہ دار بنایا تہا کہ اپنی زدہ حالت اور اعمال کی شامت سے اصحاب فیل کی طرح کعبۃ اللہ پر حملہ آور ہوئے سہ

اے امت شاہ عرب۔ کافر و پاکیزہ لقب

یہ کیا کیا تو نے غضب۔ یہ کیا کیا تو نے ستم

وہ مسیح موعود ہے۔ وہ مہدی معہود ہے

اسکا مقصد مردود ہے۔ تجھ پہ خدائے اکرم

مسٹر نقاش علی ظفر ایڈیٹر زمیندار

کے متعلق ہم نے گذشتہ نمبر مین ایک تنقیدی مضمون لکھکر آئندہ بھی لکھنے کا ارادہ ظاہر کیا تہا لیکن حضرت ہم عصر بدر کے ایک ضمیمہ سے

جو جناب شیخ تراب علی صاحب یعقوب نہین ہین بلکہ یعقوب علی صاحب تراب ۲۵ جولائی کے اخبار بدر کے ساتھہ شایع ہوا ہے ہمین اپنا ارادہ منسوخ کرنا پڑا۔ کیونکہ آئندہ جو کچھہ ہم نے لکھنا تہا ان سب امور کا فیصلہ قطعی برخلاف مسٹر نقاش علی ظفر حضرت حکیم الامت خلیفۃ المسیح والمہدی ایدہ اللہ بنصرہ نے اپنے دست مبارک سے ارقام فرما کر اہم ایڈیٹر صاحب الحکم کے دامن کو افترا کی تہمت سے پاک فرما دیا ہے۔ یعنے نقاش صاحب بالقابہ نے جو اتہام بغیر سوچے سمجھے اپنی ۹ جولائی کی "انگشت نما تفرقہ پردازی" مین بدین الفاظ معزز ایڈیٹر الحکم پر لگایا تھا کہ

"جناب تراب صاحب نے اپنے ۲۸ جون کے دوسرے پرچے مین مولوی نورالدین صاحب کی تقریر کے نام سے جو عبارتین شایع کی ہین۔ اونکے بعض مقامات خود انکے اپنے دماغ کی ایجاد معلوم ہوتے ہین۔ مثلاً وہ حصہ جس مین مولوی نورالدین صاحب سے یہہ فقرہ منسوب کیا گیا ہے کہ "مرزا صاحب کے بعد میرا انکار ایسا ہی ہے جیسے رافضی صحابہ کا کرتے ہین" یہہ فقرہ مولوی صاحب کی زبان سے ہمارے سننے مین تو نہین آیا (گو آپ اس تقریر مین حاضر نہ تھے تاہم آپ کی سماعت مین اس فقرہ کا نہ آنا واقعی تعجب خیز ہے کیونکہ اگر آپ اس تقریر کے وقت مسجد احمدیہ مین موجود ہوتے اور پھر نہ سنتے تو ممکن تھا مگر باوجود عدم موجودگی کے جناب نقاش کا اس فقرہ کو نہ سننا حیرت انگیز ہے۔ الحق) تراب صاحب نے نہ معلوم یہہ فقرہ کیسے لکھہ مارا" بلفظہٖ

اس غلط افترا کو بڑے وثوق سے نقل کرنے کے بعد جناب نقاش علی صاحب ظفر نے ایڈیٹر صاحب الحکم اور انکے اخبار کے متعلق یہہ حکم صادر فرمایا ہے کہ

"الحکم ایک نہایت ہی غیر معتبر اور پایہ ثقاہت سے گرا ہوا پرچہ ہے (اسلیئے کہ وہ نقاش کے نقش و نگار کو جو انگریزی خام رنگ سے مزین کیے جاتے ہین آب صداقت سے دہو کر مٹا دیتا ہے۔ الحق) الحکم مین اکثر باتین ایسی درج ہوتی ہین جو قادیان کی تعلیم سے کوئی تعلق نہین رکھتین

اور اس طور پر لوگون مین قادیان کی نسبت وہ بدگمانیان بھی پیدا ہوجاتی ہین۔ جن سے وہ پاک ہے (ماشاءاللہ) جناب زمیندار کو سلسلۂ احمدیہ قادیان سے ایسی دلی محبت اور ہمدردی ہے کہ آپ کو بدگمانون مین قادیان کے متعلق بدگمانیان پھیلانے والے ذریعہ کو بند کرنی کی ازبس ضرورت اور فکر ہے۔ اگرچہ آپ بھی اونہین مقدس انسانون کے رجسٹر مین درج ہین جو بدگمانی کی فطرت اور ظن سے اجتناب نہین کرتے پھر بھی آپ کی خواہش ہے کہ (الحق) الحکم جسقدر جلد بھی بند ہوجائے اتنا ہی مسلمانون کے حق مین عموماً اور قادیان کے حق مین خصوصاً (اور مسٹر نقاش صاحب کے حق مین بالخصوص الحق) اچھا ہے" بلفظہ

یہہ فتوے ہے جو ہارگاہ نقاش بانیڈ کو سے صادر ہوا اس مین شیخ یعقوب علی صاحب ایڈیٹر الحکم کو شروع مضمون مین برا بھلا لکھکر آخرکار غیر معتبر اور ثقاہت سے گرا ہوا قرار دیا ہے۔ مگر مفتی صاحب نے صدور فتوے سے پہلے یہہ نہین سوچ لیا کہ خود مفتی فتوے کی ثقاہت اور اعتبار ذی ہوش ستی مسلمانون مین عموماً اور خود احمدیون مین خصوصاً کہانتک مسلم ہے۔ دشمن بکف اور سربکف مسلمانون کا تو ذکر نہین۔ صحیح الحواس اور سلیم العقل لوگون مین حضرت مفتی صاحب بالقابہ کی ثقاہت اور بزرگی اور اعتبار جہانتک ہے وہ سب جانتے ہین۔ پھر بھلا کس اعتبار سے آپ نے یہہ حکم دیا۔ تعجب ہے کہ سلسلہ احمدیہ کی آرگن کا ایڈیٹر جو بروقت تقریر موجود رہکر تقریر کا لکھنے والا ہو اور پھر طبع کرنے کے وقت اپنے قدیمی دستور کے مطابق حضرت مقرر رضی اللہ عنہ کو دکھلا لیتا ہے۔ تب جاکر شایع کرتا ہے۔ تو غیر ثقہ اور ناقابل اعتبار تقریرون مین تحریف کرنے والا اور اپنی طرف سے فقرے بڑہا دینے والا کہلائے۔ اور وہ شخص جس کو کہ اس سلسلہ سے خاص عناد ہو جسکے امام کی تقریر شایع ہوتی ہے اور تقریر کے وقت وہ موجود بھی نہ ہو وہ نقل و بیان تقریر مین اہل ثقہ اور قابل اعتبار تصور ہو۔ العجب ثم العجب مسٹر نقاش ہی اسکا اندازہ فرمالین کہ یہہ فرق صحیح ہے کہ آپ ثقہ اور تراب سلمہ غیر ثقہ؟ دیکھئے آپ کی ثقاہت اور تراب صاحب کی نامعتبری کا کیا بین اور تازہ یقینی اور قطعی فیصلہ اوس انسان کی زبان مبارک دوست مبارک و قلم مبارک سے شایع ہوگیا ہے جسکو جناب والا نے بھی ملاحظہ فرمالیا ہوگا۔ جس کے پڑھنے سے پہلے تو اپکے سینہ پر دست ضرور اٹھائی ہوگی خواہ دل مین ہی اٹھائی ہو اور پیشانی کے عرق سے بھی اوسکا اظہار نہ کیا ہو۔ مگر فیصلہ ضرور آپ کے خلاف صادر ہوا اور وہ یہہ ہے جسکو دوبارہ جناب والا کے پیش نظر الحق کے ذریعہ پہونچایا جاتا ہے۔

"ایڈیٹر زمیندار کو تم نے ایسا سچا انسان سمجھا اور دانا اور دوست قرار دیا آپ کو اتنی عقل بھی نہین ہے کہ ایسے مدت سے دشمن اور بدزبان کو اتنا راستباز یقین فرمایا"

یہہ اوس جواب کا اقتباس ہے جو حضور ممدوح نے ایک احمدی کے جواب مین (جس نے کہ ایڈیٹر زمیندار کے الفاظ لیکر حضرت خلیفۃ المسیح سے کچھ عرض کیا تھا) رقام فرمایا۔ اور ذیل کا فیصلہ جو شیخ صاحب ایڈیٹر الحکم کے عریضہ پر خلیفۃ المہدی نے صادر فرماکر تحریف و افترا کے الزام کی نفی شیخ صاحب موصوف کی نسبت فرمائی ہے یہہ ہے کہ

"مین نے الحکم کو پڑھا ہے یعقوب علی ایڈیٹر اس مین افترا سے مبرا ہے" نورالدین

امید ہے کہ اس فیصلہ کو ملاحظہ فرماکر مسٹر نقاش علی صاحب ظفر اپنے اس افترا کو جو ایڈیٹر الحکم کے متعلق آپ نے ان الفاظ کیا تھا کہ "جو ہون کے الحکم مین مولوی نورالدین صاحب کی تقریر کے نام سے جو عبارتین شایع کی ہین۔ ان کے بعض مقامات خود انکے (یعنی ایڈیٹر الحکم کے) اپنے دماغ کی ایجاد معلوم ہوتے ہین" نہایت شرمندگی کے ساتھ واپس لیکر تقریر مندرجہ الحکم کو صحیح اور اقتباس مندرجہ روزانہ زمیندار مورخہ ۱۲ جون ۱۲ء کو غلط قرار دینگے۔ یاد رہے کہ اس تقریر کے وقت یہہ عاجز خادم الحق بھی مسجد احمدیہ مین حاضر تھا اور بہت ہی قریب سے تمام تقریر کو جس کے مخاطب خاص احمدی تھے سن رہا تھا شیخ صاحب کی تقریر مندرجہ الحکم مذکور بالکل صحیح ہے اور اقتباس زمیندار قطعاً غلط۔ یہہ ایک خدا کے لئے سچی گواہی ہے واللہ علی مانقول شہید۔

مسٹر دہرم پال کو مہاشہ دیانند نہ ملا

آریہ سماج لاہور کا نورتن مسٹر پال اپنے تازہ اندر مورخہ ۲۲ جولائی سنہ رواں مین مہاشہ دیانند کی تلاش کیجر کے پہاڑون مین کرتا کرتا جب منزل مقصود پر پہونچکر اپنے مہاشہ کو نہین پاتا ہے تو مجبور ہوکر اوس وعدہ کا ایفا کرتا ہے

اور اس طور پر لوگون مین قادیان کی نسبت وہ بدگمانیان بھی پیدا ہوجاتی ہین - جن سے وہ پاک ہے دماشاء اللہ جناب زمیندار کو سلسلۂ احمدیہ قادیان سے ایسی دلی محبت اور ہمدردی ہے کہ آپ کو بدگمانون مین قادیان کے متعلق بدگمانیان پھیلانے والے ذریعہ کو بند کرنی کی ازبس ضرورت اور فکر ہے - اگرچہ آپ بھی اونہین مقدس انسانون کے رجسٹر مین درج ہین جو بدگمانی کی فطرت اور ظن سے اجتناب نہین کرتے پھر بھی آپ کی خواہش ہے کہ - الحق) الحکم جسقدر جلد بھی بند ہوجائے اتنا ہی مسلمانون کے حق مین عموماً اور قادیان کے حق مین خصوصاً (اور مسٹر نقاش صاحب کے حق مین بالخصوص الحق) اچھا ہے ؏ بلفظہ

یہہ فتوے ہے جو بارگاہ نقاش اینڈ کو سے صادر ہوا اس مین شیخ یعقوبعلی صاحب ایڈیٹر الحکم کو شروع مضمون مین برا بھلا لکھکر آخر کار غیر معتبر اور ثقاہت سے گراہوا قرار دیا ہے - مگر مفتی صاحب نے صدور فتوے سے پہلے یہہ نہین سوچ لیا کہ خود مفتی فتوے کی ثقاہت اور اعتبار ذی ہوش منتی مسلمانون مین عموماً اور خود احمدیون مین خصوصاً کہانتک مسلم ہے دشمن بکف اور سر بکف مسلمانون کا تو ذکر نہین - صحیح الحواس اور سلیم العقل لوگون مین حضرت مفتی صاحب بالقابہ کی ثقاہت اور بزرگی اور اعتبار جہانتک ہے وہ سب جانتے ہین - پھر بھلا کس اعتبار سے آپ نے یہہ حکم دیا - تعجب ہے کہ سلسلہ احمدیہ کی آرگن کا ایڈیٹر جو بروقت تقریر موجود رہکر تقریر کا لکھنے والا ہو اور پھر طبع کرنے کے وقت اپنے قدیمی دستور کے مطابق حضرت مقرر رضی اللہ عنہ کو دکھلا لیتا ہے - تب جاکر شایع کرتا ہے - تو غیر ثقہ اور ناقابل اعتبار تقریرون مین تحریف کرنے والا اور اپنی طرف سے فقرے بڑہا دینے والا کہلائے - اور وہ شخص جس کو کہ اس سلسلہ سے خاص عناد ہو جسکے امام کی تقریر شایع ہوتی ہے اور تقریر کے وقت وہ موجود بھی نہو وہ نقل و بیان تقریر مین اہل ثقہ اور قابل اعتبار تصور ہو - العجب ثم العجب مسٹر نقاش ہی اسکا اندازہ فرمالین کہ یہہ فرق صحیح ہے کہ آپ ثقہ اور تراب سلمہ غیر ثقہ ؟ دیکھئے آپ کی ثقاہت اور تراب صاحب کی نامعتبری کا کہا ہین اور تازہ یقینی اور قطعی فیصلہ اوس انسان کی زبان مبارک دوست مبارک و قلم مبارک سے شایع ہوگیا ہے جسکو جناب والا نے بھی ملاحظہ فرماکر سینہ پر دلاست ضرور اٹھائی ہوگی خواہ دل ہی مین ہی اٹھائی ہو اور پیشانی کے عرق نے بھی اوسکا اظہار نہ کیا ہو - مگر فیصلہ ضرور آپ کے خلاف صادر ہوا اور وہ یہہ ہے جسکو دوبارہ جناب والا کے پیش نظر الحق کے ذریعہ پہونچایا جاتا ہے -

"ایڈیٹر زمیندار کو تم نے ایسا سچا انسان سمجھا اور دانا اور دوست قرار دیا آپ کو اتنی عقل بھی نہین ہے کہ ایسے مدت سے دشمن اور بدزبان کو اتنا راستباز یقین فرمایا"

یہہ اوس جواب کا اقتباس ہے جو حضور ممدوح نے ایک احمدی کے جواب مین (جس نے کہ ایڈیٹر زمیندار کے الفاظ لیکر حضرت خلیفۃ المسیح سے کچھ عرض کیا تھا) ارقام فرمایا - اور ذیل کا فیصلہ جو شیخ صاحب ایڈیٹر الحکم کے عریضہ پر خلیفۃ المہدی ایدہ اللہ نے صادر فرماکر تحریف وافترا کے الزام کی نفی شیخ صاحب موصوف کی نسبت فرمائی ہے یہہ ہے کہ

"مین نے الحکم کو پڑھا ہے یعقوب علی ایڈیٹر اس مین افترا سے مبرا ہے" نورالدین

امید ہے کہ اس فیصلہ کو ملاحظہ فرماکر مسٹر نقاش علی صاحب ظفر اپنے اس افترا کو جو ایڈیٹر الحکم کے متعلق آپ نے ہین الفاظ کیا تھا کہ ۱۲ جون کے الحکم مین مولوی نورالدین صاحب کی تقریر کے نام سے جو عبارتین شایع کی ہین - ان کے بعض مقامات خود اسکے (یعنے ایڈیٹر الحکم کے) اپنے دماغ کی ایجاد معلوم ہوتے ہین بہ نہایت شرمندگی کے ساتھ واپس لیکر تقریر مندرجہ الحکم کو صحیح اور اقتباس مندرجہ روزانہ زمیندار مورخہ ۱۲ جون سنہ ۱۲ء کو غلط قرار دینگے - یاد رہے کہ اس تقریر کے وقت یہہ عاجز خادم الحق بھی مسجد احمدیہ مین حاضر تھا اور بہت ہی قریب سے تمام تقریر کو جس کے مخاطب خاص احمدی تھے سن رہا تھا شیخ صاحب کی تقریر مندرجہ الحکم مذکور بالکل صحیح ہے اور اقتباس زمیندار قطعاً غلط - یہہ ایک خدا کے لئے سچی گواہی ہے واللہ علی ما نقول شہید -

مسٹر دہرمپال کو مہاشہ دیانند نہ ملا

آریہ سماج لاہور کا نورتن مسٹر پال اپنے تازہ اندر مورخہ ۲۲ جولائی سنہ رواں مین مہاشہ دیانند کی تلاش کشمیر کے پہاڑون مین کرتا کرتا جب منزل مقصود پر پہونچکر اپنے ستر مہاشہ کو نہین پاتا - تو مجبور ہوکر اوس وعدہ کا ایفا کرتا ہے

جو تلاش مذکور مین نکلتے ہوئے اسنے کیا تہا کہ (اگر مجھے دیانند کے درشن نہ ہوئے تو مین جان لونگا کہ لالہ لیکہرام نے جو دیانند کی سوانحعمری مین اسکا دوبارا جنم لینا درج کیا ہے اور آجکل بعض سادہوون سے بھی دیانند کا کشمیر کے پہاڑون مین جنم لیکر یوگ ابہیاس کرنا بتایا ہے بالکل جہوٹ اور بے بنیاد ہے) چنانچہ زیر عنوان "سوامی دیانند کے رہنے کی جگہ" لکھتے ہے کہ۔

"اس جنگل مین جنگلی انگور واتار وغیرہ کے درخت بکثرت ہین یہی وہ جنگل ہے جہان مجھے دیانند کی رہائش کا پتہ دیا گیا تہا۔ مین نے پہاڑ کی چوٹی پر چڑھکر چارون طرف نظر دوڑائی مگر باوجود تلاش کے مجھے یہان پر دیانند کے آنے یا رہنے کا پتہ نہ ملا......یہان پر دو سنیاسیون سے بھینٹ ہوئی مگر وہ بالکل معمولی تھے۔ مین ان مین سے کسیکو بھی دیانند نہین کہہ سکتا تھا۔ افسوس ہے جن سنیاسیون کی تلاش مین مین چلا تہا اور جنکا مجھے پتہ دیا گیا تہا کہ وہ اس جگہ رہتا ہے وہ مجھے یہان نہ ملا اور نہ ہی اسکا سراغ معلوم ہوا۔ میری تلاش اسیجگہ جنگل کے مقامات تک تھی۔ مجھے یہ تو یقین ہوگیا کہ دیانند کا یہان کوئی نام ونشان نہین۔" (اندر)

مہاشہ دہرمپال کا تناسخ سے انکار

اس بیان سے آگے دہرمپال جی کو جبکہ وہ پہاڑ کی سب سے اونچی چوٹی پر پہونچتے ہین اور چارون طرف بادلون سے گھیرے جاتے ہین تو بادلون سے آواز آتی ہے جسکا ذکر وہ بالفاظ ذیل فرماتے ہین۔

"مین پہاڑ کی سب سے اونچی چوٹی پر جو کہ سطح سمندر سے بارہ ہزار فٹ بلند بتائی جاتی ہے پہنچکر ایک صاف ستہرے پتھر پر بیٹھہ گیا۔ چند منٹ تک خاموش بیٹھا رہا۔ نیچے بھی بادل اوپر بھی بادل دائین بھی بادل بائین بھی بادل۔ مگر دیانند نہ نیچے نظر آیا نہ اوپر نہ دائین نہ بائین۔ ایسی محویت کی حالت مین بادلون سے آواز آئی کہ اے دہرم پال تو کہان اور دیانند کہان! مردم پرستی کے گڑہے مین گرتا ہے۔ دیانند کی تلاش نہ کر وہ مرگیا۔ وہ نہ دوبارہ پیدا ہوا نہ ہوگا۔ نہ ہوسکتا ہے تو سچائی کی تلاش کر اور اپنا راستہ آپ بنا۔ اس آسمانی آواز نے مجھہ پر بجلی کا سا اثر کیا۔ چنانچہ اسی وقت مین اپنے قدمون پر کہڑا ہوگیا۔ اور میرے منہ سے بے اختیار نکلا کہ۔ بیشک سچائی دیانند سے اعلے ہے مین نے اپنی آیندہ زندگی کے پروگرام کو مضبوط کیا۔ اور دیانند کے دوبارہ جنم لینے کے سوال کو سرے سے رد کیا۔ اور مین اس نتیجہ پر پہونچا کہ سوانحعمری مین جو ان کے دوبارہ جنم لینے کا ذکر موجود ہے۔ وہ محض جہوٹ اور بکواس ہے۔ کسی بھی سمجھدار آدمی کو آیندہ اس جہوٹی تحریر پر جو کہ مجموعہ سوانحعمری دیانند مرتبہ لیکہرام مین موجود ہی وشواش (یقین) نہین کرنا چاہیے"۔ (اندر)

افسوس مسٹر دہرمپال نے اسقدر سفر کی تکلیف اور کثیر خرچ گوارا کرکے پہاڑ پر سے گرکر یہہ تحقیق کیا کہ مردہ پہر دوبارہ جنم نہین لیتا اور مسئلہ تناسخ محض باطل ہے ہم تو آپ کو یہہ سب کچھہ بغیر تلاش یاربہی مدتون پہلے بتا چکے تھے۔ مگر خیر۔ تاہم غنیمت ہے کہ کچھہ کہو کے آپ نے تحقیق کیا۔ اگرچہ ہنوز یہہ تحقیق نامکمل ہے جب تک کہ آپ لالہ لیکہرام کی تلاش بھی نہ کرلین۔ اور اس تلاش مین آپ کو لمبا نہین کرنا پڑیگا۔ لاہور سے جالندہر اور جالندہر سے اگرہ ہر دو جگہ آپ کو مہاشہ دیانند جی کا شاگرد رشید لالہ لیکہرام کسی نہ کسی قالب مین کام کرتا ملجائیگا۔ جس سے پہر تناسخ آپ کو ماننا پڑیگا۔

مہاشہ دہرمپال کا ایک مسلمان کو شدھ ہونیسے بچانا

جب آسمانی آواز سے دیانند کا متلاشی حق کا متلاشی بنکر پہاڑ سے نیچے اترا تو ایک رامپور نامی قصبہ مین پہونچا۔ جہان پر اس کے آنیکی خبر مشہور ہوگئی اور بہت سے باشندگان قصبہ جنگل مین اس متلاشی حق کے پاس جمع ہوگئے۔ اور آریہ سماج کے متعلق گفتگو کرتے کرتے اس نووارد مسافر کو معلوم ہوا کہ وہان پر ایک مسلمان کو شدھ کرنیکی یعنے دیانندی بنانیکی تجویز ہے اور اس شدہی کی کسی جدید وید منتر کے ذریعہ بردے دیانندی مہاشہ یہہ شرط قرار پائی کہ مسلمان مذکور کو جہٹکا کہلا کر شدھ کیا جاوے۔ مگر شدہ مہاشہ معذرت کرتا تہا کہ جس حالت مین حلال گوشت بہی مین نہین کہاتا تو جہٹکا کیون مجھے کہلایا جاتا ہے خوش قسمتی سے وہ شدہ منتر بھی جسکو اشدہ کرنیکے واسطے بردے دیانندی وید مہاشہ جہٹکا کہلانا تجویز ہوا تہا اس متلاشی حق نووارد کے

پاس آگیا تو اس متلاشی حق دہرمپال نے اس کو بالفاظ ذیل ارشدہ ہدیسے رد کا کہ

شدہی کی رسم محض پولٹیکل مسئلہ ہے اس کو دہرم یا مذہب سے کوئی تعلق نہین جو لوگ آپ کو شدہ کرنا چاہتے ہین وہ محض ہندون کی تعداد مین پولٹیکل نقطہ خیال سے ایک شخص کی زیادتی کرنا چاہتے ہین اس سے بڑھکر اور کچھ بھی نہین اگر وہ آپ کو دھارمک (دیندار) بنانے کے خواہشمند ہوتے تو جھٹکا کھلانے پر کیون زور دیتے اسلئے اس قسم کے پاکھنڈ مین پڑنیکی کوئی ضرورت نہین - اس مسلمان کی سمجھ مین میری یہ بات آگئی اور شام کے وقت اس نے شدہ کرنیوالون سے خوب بحث کی - جس مین شدہی کے مدعی میدان سے بھاگ گئے - یہ تمام بحث میرے سامنے ہوئی اس منظارہ کو دیکھکر مجھے خوشی بھی ہوئی اور افسوس بھی خوشی تو اسبات کی ہوئی کہ ایک روح کو مین نے گمراہی کے گھڑے مین گرنے سے بچالیا - افسوس اسلئے ہوا کہ بعض ناعاقبت اندیش لوگون نے شدہی کو ایک پولٹیکل ہتیار بنا رکہا ہے اور وہ دہرم سے اس قدر گرچکے ہین کہ ہندوون کی تعداد کو پولٹیکل پہلو سے زیادہ کرنے کے لئے ناجائز وسائل کا استعمال کرتے سے بھی نہین چوکتے (تیج اندر)

ہم اس جدید متلاشی حق المعروف مہاشہ دہرمپال کے حق مین اس حق گوئی اور نیک ہدایت کرنے کے فعل پر دعا کرتے ہین کہ خداوند غفور رحیم آپ کو اسکا اجر عطا فرماکر راہ راست پر پہونچنے کی جلد تر توفیق بخشے - آمین -

کواکب دریہ ایک کتاب کا نام ہے جو سلسلہ عالیہ احمدیہ کے ایک مخالف مسمے حکیم سید محمد حسن امروہوی کی تالیف سے ہے - مولف مذکور کی کئی دیگر تصانیف بھی ہین منجملہ جنکے معراج الرسول اور تلخیص التواریخ و تفسیر غایۃ البرہان ہے - گذشتہ ایام مین تلخیص التواریخ سے ایک عبارت نقل ہوکر جنگ اٹلی کے متعلق جو آجکل طرابلس وغیرہ مین ہو رہی ہے بطور پیشگوئی پیسہ اخبار وغیرہ مین شایع ہوتی رہی ہے - محمد حسن مذکور کا عقیدہ وفات مسیح کا بہی ہے اور مسیح کے ہی صلیب پر چڑھائے جانیکا بھی - نیز وہ ریل کو خر دجال اور روس و انگریزون کو یاجوج ماجوج مانتا ہے - مخالفین سلسلہ احمدیہ کو اس کی کتابون پر بڑا بھروسہ ہے - خدا کے فضل سے مین نے اکثر کتابین ان مین سے دیکھی ہین - آجکل میری نظر کواکب دریہ پر پڑی تو اس مین عجیب و غریب پیشگوئیان نظر آئین - مثلاً نزول مسیح و خروج مہدی و دجال وغیرہ پر بہ تعین سال پیشگوئی کی گئی ہے - جنکا ذکر اکثر اخبارات سلسلہ مین سلسلہ احمدیہ کے رکن اعظم حضرت اخویم احسن المناظرین سید محمد احسن صاحب امروہی مدظلہ العالی نے فرمایا ہے - لیکن آج جس مضمون کو مین بیان کرتا ہون وہ وہابیون کے متعلق مولف کواکب دریہ کا ایک فتولے یا پیشگوئی ہے جو خاص فرقہ وہابیہ کے عموماً اور منکر امرتسری کے خصوصاً ملاحظہ کے قابل ہے مولف مذکور کواکب دریہ کے صفحہ ۱۱۸ پر حسب ذیل پیشگوئی کرتا ہے -

پیشگوئی بحق قوم وہابیہ حدیث صحیح مین وارد ہے کہ آخر زمانہ مین نکلیگی ایک قوم کہ پڑھین قران اور قول اونکا حدیث ہو - اور بیشک آخر زمانہ مین قوم وہابیہ نکلی کہ پڑھتے ہین قرآن اور قول انکا حدیث ہے - اور حدیث مین ہے کہ نکل جائینگے دین سے جیسے نکل جاتا ہے - تیر شکار سے اگر مین پاؤن قتل کرون مثل قتل قوم عاد کے یعنے یکبارگی - اور یہہ وہ قوم ہے - جو آپ کو اس آخر زمانہ مین عامل بجملہ اوامر کہتی ہے - بخلاف حضرات اہل سنت و جماعت کے جو اس آخر زمانہ مین عشر ما امر بہ پر آپ کو عامل نہین جانتے ہین - پس انہین کی نسبت ترمذی نے ابوہریرہ سے مرفوعاً روایت کی ہے کہ تم ایسے زمانہ مین ہو کہ جو ترک کرے تم مین سے عُشر اوس شے کا جو امر کئے گئے ہو ہلاک ہو - پہر آئیگا زمانہ جو عمل کرے ادسین عشر ما امر بہ پر نجات پاویگا - پس بحق وہابیہ ارشاد مرتضے کرم اللہ وجہہ خوب ثابت ہو فرمایا ہے کہ قریب ہے کہ آویگا آدمیون پر زمانہ کہ نہ باقی رہیگا اسلام سے مگر اسکا نام اور نہ باقی رہیگا قرآن سے مگر اسکی رسم اونکی مسجدین معمور ہونگی و خراب ہونگی ہدایت سے علماء ان کے بدتر ہونگے آسمان کے ادیم کے نیچے اون سے نکلیگا فتنہ اور انہین لوٹیگا - چنانچہ کوئی انمین سے نجدی ہے کوئی لامذہب ائمہ کو بہہ کہتے عالی اور قریب زمانہ سے مراد وہی بعد ہزار سالی اہل اسلام سے ..... آخر زمانہ مین یہہ وہابیہ ہین جنکی نسبت وارد کہ ہمیشہ خروج کرتے رہین سو خروج کی انکی عادت قدیم ہے اور اس عرصہ مین

پاس آگیا تو اس متلاشی حق دہرمپال نے اس کو بالفاظ ذیل اشدہ ہندیسے رد کاکہ

"شدہی کی رسم محض پولٹیکل مسئلہ ہے اس کو دہرم یا مذہب سے کوئی تعلق نہین جو لوگ آپ کو شدہ کرنا چاہتے ہین وہ محض ہندون کی تعداد مین پولٹیکل نقطہ خیال سے ایک شخص کی زیادتی کرنا چاہتے ہین اس سے بڑھکر اور کچہہ بھی نہین اگر وہ آپ کو دہارمک (دیندار) بنانے کے خواہشمند ہوتے تو جہٹکا کھلانے پر کیون زور دیتے اسلئے اس قسم کے پاکھنڈ مین پڑنیکی کوئی ضرورت نہین - اس مسلمان کی سمجہہ مین میری یہ بات آگئی اور شام کے وقت اس نے شدہ کرنیوالون سے خوب بحث کی - جس مین شدہی کے مدعی میدان سے بہاگ گئے - یہہ تمام بحث میرے سامنے ہوئی اس منظارہ کو دیکھکر مجھے خوشی بھی ہوئی اور افسوس بھی خوشی تو اس بات کی ہوئی کہ ایک روح کو مین نے گمراہی کے گھڑہے مین گرنے سے بچالیا - افسوس اسلئے ہوا کہ بعض ناعاقبت اندیش لوگون نے شدہی کو ایک پولٹیکل ہتیار بنا رکہا ہے اور وہ دہرم سے اس قدر گر چکے ہین کہ ہندوون کی تعداد کو پولٹیکل پہلو سے زیادہ کرنے کے لئے ناجائز وسائل کا استعمال کرنے سے بھی نہین چوکتے" (اندر)

ہم اس جدید متلاشی حق المعروف مہاشہ دہرمپال کے حق مین اس حق گوئی اور نیک ہدایت کرنے کے فعل پر دعا کرتے ہین کہ خداوند غفور رحیم آپ کو اسکا اجر عطا فرماکر راہ راست پر پہونچنے کی جلد تر توفیق بخشے - آمین -

کواکب دریہ ایک کتاب کا نام ہے جو سلسلہ عالیہ احمدیہ کے ایک مخالف مسمے احکیم سید محمد حسن امروہوی کی تالیف سے ہے - مولف مذکور کی کئی دیگر تصانیف بھی ہین منجملہ جنکے معراج الرسول اور تلخیص التواریخ و تفسیر غایۃ البرہان ہے - گذشتہ ایام مین تلخیص التواریخ سے ایک عبارت نقل ہو کر جنگ اٹلی کے متعلق جو آجکل طرابلس وغیرہ مین ہو رہی ہے بطور پیشگوئی پیسہ اخبار وغیرہ مین شایع ہوتی رہی ہے - محمد حسن مذکور کا عقیدہ وفات مسیح کا ہی ہے اور مسیح کے ہی صلیب پر چڑہائے جانیکا بھی - نیز وہ ریل کو خر دجال اور روس وانگریزون کو یاجوج ماجوج مانتا ہے - مخالفین سلسلہ احمدیہ کو اس کی کتابون پر بڑا بہروسہ ہے - خدا کے فضل سے مین نے اکثر کتابین ان مین سے دیکھی ہین - آجکل میری نظر کواکب دریہ پہ پڑی تو اس مین عجیب و غریب پیشگوئیان نظر آئین - مثلاً نزول مسیح و خروج مہدی و دجال وغیرہ پر تعین سال پیشگوئی کی گئی ہے - جنکا ذکر اکثر اخبارات سلسلہ مین سلسلہ احمدیہ کے رکن اعظم حضرت اخویم احسن المناظرین سید محمد احسن صاحب امروہی مدظلہ العالی نے فرمایا ہے - لیکن آج جس مضمون کو مین بیان کرتا ہون وہ وہابیون کے متعلق مولف کواکب دریہ کا ایک فتویٰ یا پیشگوئی ہے جو خاص فرقہ وہابیہ کے عموماً اور منکر امرتسری کے خصوصاً ملاحظہ کے قابل ہے - مولف مذکور کواکب دریہ کے صفحہ ۱۸۴ پر حسب ذیل پیشگوئی کرتا ہے -

پیشگوئی بحق قوم وہابیہ "حدیث صحیح مین وارد ہے کہ آخر زمانہ مین نکلیگی ایک قوم کہ پڑہین قران اور قول اونکا حدیث ہو - اور بیشک آخر زمانہ مین قوم وہابیہ نکلی کہ پڑہتے ہین قرآن اور قول انکا حدیث ہے - اور حدیث مین ہے کہ نکل جائینگے دین سے جیسے نکل جاتا ہے تیر شکار سے اگر مین پاؤن قتل کردون مثل قتل قوم عاد کے یعنے یکبارگی - اور یہہ وہ قوم ہے - جو آپ کو اس آخر زمانہ مین عامل بجملہ اوامر کہتی ہے - بخلاف حضرات اہل سنت و جماعت کے جو اس آخر زمانہ مین عشر امر بہ پر آپ کو عامل نہین جانتے ہین - پس انہین کی نسبت ترمذی نے ابوہریرہ سے مرفوعاً روایت کی ہے کہ تم ایسے زمانہ مین ہو کہ جو ترک کرے تم مین سے عشر اوس شے کا جو امر کئے گئے ہو ہالک ہو - پہر آئیگا زمانہ جو عمل کرے اوسمین عشر ما امر بہ پر نجات پاویگا - پس بحق وہابیہ ارشاد مرتضے کرم اللہ وجہہ خوب ثابت جو فرمایا ہے کہ قریب ہے کہ آویگا آدمیون پر زمانہ کہ نہ باقی رہیگا اسلام سے مگر اسکا نام اور نہ باقی رہیگا قرآن سے مگر اسکی رسم اونکی مسجدین معمور ہونگی و خراب ہونگی ہدایت سے علما ان کے بدتر ہونگے آسمان کے ادیم کے نیچے اون سے نکلیگا فتنہ اور انہین لوٹیگا - چنانچہ کوئی انمین سے نجدی ہے کوئی لا مذہب ائمہ کو بہ کہتے ... الا اور قریب زمانہ سے مراد وہی بعد ہزار سالی اہل اسلام ہے ..... آخر زمانہ مین یہہ وہابیہ ہین جنکی نسبت وارد کہ ہمیشہ خروج کرتے رہین سلو خروج کی انکی عادت قدیم ہے اور اس عرصہ مین

انکی مساجد بہری ہوئی ہین لیکن ایمان اور اسلام کا اسم اور قرآن کی رسم اون مین باقی ہے۔ کہ ایک شخص ہمکو نہین ملتا جو جواب آیات فاتحہ وحدیث مین مذکور ہین حق تعالےٰ سے سنتا ہو انا للہ وانا الیہ راجعون"۔ انتہیٰ بلفظہ صفحہ ۱۴۱ و ۱۴۲ کیا مونگیری مخالفین ان ہی مین سے حسب منطوق حدیث فہو منہم نہین ہین؟ کیا ایڈیٹر النجم واہل فقہ اس پیشگوئی کی تصدیق کرینگے؟ دیدہ باید

بقاء نبوت تاقیامت

اسی کتاب مین نبوت کے متعلق یہہ لکہا ہے کہ نبوت تشریعی تو ختم ہو گئی لیکن غیر تشریعی کبہی ختم نہ ہوگی۔ چنانچہ مولف کے الفاظ یہہ ہین کہ

"نبوت لغت مین بمعنے خبر دینے کے ہین امور آیندہ سے اور اسکی اقسام ہین۔ مثلاً ایک فال ہے دوسری نجوم ہے تیسری رمل چوتھی جفر پانچوین معائنہ ریکہا چھٹی بمشق مسمریزم ساتوین سرود آٹھوین اختلاج عضو نوین بقیافہ دسوین بممارست قیاس گیارہوین بفراست بارہوین بخصوصیت الہیہ ہے جس مین کسب کو دخل نہ ہو۔ اس کی بھی بہت سی اقسام ہین۔ ایک خواب مین روح اعظم رب خود ارشاد کرے۔ دوسری مشاہدہ روح اعظم کے ارشاد سے تیسرے دوسرا ملک خواب مین کہے جو مشاہدہ مین آجاوے چوتہی کوئی نبی خواب مین فرماوے۔ پانچوین کوئی نبی مشاہدہ مین فرماوے۔ چہٹی بصورت سلسلۃ الجرس خواب مین دریافت ہو ساتوین مشاہدہ مین بطور سلسلۃ الجرس دریافت ہو یہ سخت ترین اقسام وحی سے ہے اور اس مین سے کبہی شیطان بھی جڑا ہا لگتا ہے آٹھوین روح القدس یعنے اسم رحمٰن ہی رائی کے دل مین نفخ ہو کہ مقام فنا یا بقا مین دریافت ہوا۔ الغرض اصطلاح مین نبوت بخصوصیت الہیہ خبر دینے سے عبارت ہے وہ دو قسم کی ہے ایک نبوت تشریعی جو ختم ہو گئی دوسری نبوت بمعنے خبر دادن ہے وہ غیر منقطع ہے پس اسکو مبشرات کہتے ہین اپنی اقسام کے ساتہہ اوس مین سے ہو یا ہی ہے۔ پس واضح ہوا کہ نبوت تشریعی ۵/۱ حصہ ہے اور مبشرات چھیالیسواں حصہ نبوت اختصاص کا ہے وہ باقی ہے اوس مین کچہ حرج نہین"۔ بلفظہ کواکب دریہ صفحہ ۱۴۷ و ۱۴۸

کہان ہین تاجران تکفیر۔ ذرا کفر والی صندوقچی نکال کر کواکب دریہ کے مصنف کے ہاتہہ بہی تو کچہہ فروخت کر کے نفع اٹہائین۔ آپ کے بازار مین خاصہ مالدار آنکلا ہے۔ کچہہ تو اس سے بہی وصول کر لو۔ یہہ بھی تو مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرح نبوت غیر تشریعی کو غیر منقطع کہتا اور نبوت کے معنے خبر دینے کے بتاتا ہوا جزوی نبوت کے بقار کا قائل ہے۔ یہی تو وہ عقیدہ ہے جسکی بنا پر فتوے کفر خدا کے مامور ومرسل مسیح موعود علیہ السلام پر آپ کے دربار سے صادر ہو چکے ہین پہر کیون نہ حکیم امروہی کو حصہ رسد کچہہ پہونچے۔ اٹہو اور فوراً سے پیشتر اس جاتے جاتے مسافر کو لوٹو اور مزین ہوا پیر دستار تکفیر اس کے گلے مین ڈالدو۔ کیا النجم واہل فقہ واہل حدیث وغیرہ کچہہ ہمت کرینگے؟۔

زیارت سے جان غارت

حضرت پیر صاحب بغدادی ۲۲ر جولائی کو لاہور مین جب برائے ادائے نماز جمعہ شاہی مسجد کو جاتے ہوئے بسواری موٹر بہاٹی دروازہ بازار حکیمان مین پہونچے تو ایک شخص حسن دین دریائی باف نے پیر صاحب کی سواری دیکہکر فریاد کی کہ پیر صاحب مجہے زیارت کراتے جائیے پیر صاحب نے سواری رکواکر مشتاق دیدار کو زیارت کرائی اس بیچارے کو یہہ رونمائی راست نہ آئی اور زبان حال سے یہ شعر پڑہتا ہوا

من شمع جان گدازم تو صبح دلکشائی
سوزم گرت نہ بینم میرم چو رخ نمائی

گہر پہونچکر جان بحق ہو گیا۔ شاید اسی جان کے خوف سے دہلی مین پیر صاحب سے کوئی شخص ملنے نہین گیا۔

مراسلات

آج کاغذات زیر تجویز کی پرتال سے یہہ تحریر جو بہت عرصہ سے آئی ہوئی تھی برآمد ہوئی افسوس کہ خادم الحق اس کو آجتک شایع نہ کرسکا لیکن چونکہ اس تحریر کا لطف جو کچہہ پہلے درج کرنے سے حاصل ہوتا وہی آج بھی اس مین موجود ہے - لہذا مین اسکو شایع کرکے مرزا صاحب سے تاخیر اشاعت کی معافی چاہتا ہون (ایڈیٹر)

ثناءاللہ صاحب کی فریاد

مین زبان سے تمکو سچا کہو لاکھہ بار کہدون
پر کیسا کرون کہ دل کو نہین اعتبار ہوتا

ہم ۲۴ مارچ سنہ ۱۹۱۱ء کو بفضلہ تعالےٰ لکھنؤ سے چلکر سہارنپور کی گاڑی سے ۷ بجے صبح کو امرتسر اسٹیشن پر پونچے - پلیٹ فارم پر دریافت کرنے سے معلوم ہوا کہ یہان سے بٹالہ کو گاڑی ۱۱½ بجے دن کے جاتی ہے چونکہ ہماری روانگی مین ۴½ گھنٹے کا عرصہ تہا دل مین سوچا کہ لاؤ مولوی ثناءاللہ صاحب سے بھی لگے ہاتہون مصافحہ کرلین - اور اس خیال کے عنوان کو کمترین بے اخی معظم مرزا کبیر الدین صاحب سے برجستہ یون عرض کیا -

مرزا جی جی نہین لگتا ہے بر ب کعبہ
ہم تو تبخانہ کو لے قبلہ من جاتے ہین

خیر ہم دونون یکہ پر سوار ہوکر سفید کٹرہ مین مولوی صاحب کے ایوان خاص پر پونچے علیک سلیک ہوئی آپ نے استفسار فرمایا کہ آپ صاحبان کہان سے تشریف لائے ہین اور کہان جائینگے - عرض کیا کہ لکھنؤ سے آئے ہین اور انشاءاللہ قادیان قریہ کریمہ مین پونچین گے خیر قصہ مختصر ادہر ادہر کی گفتگو شروع ہوئی تذکرہ ہی تذکرہ مین فرمایا کہ ہمکو وفات مسیح سے کوئی سروکار نہین احمدی جماعت اس مسئلہ کو جب میرے گلے مین ڈالدیتی ہے - تو نبہا دیتا ہون - ہمارے ڈاکٹر عبد الحکیم ہی ایک ایسے ہین کہ وہ وفات مسیح کے قائل ہین - اس فرمانے سے ہمکو مباحثہ رامپور کا پتہ اور مولوی صاحب کی نیت کا بخوبی اندازہ ہوگیا

پہر تذکرہ ہی تذکرہ مین آپ نے قرآن کریم ہم دونون کے ہاتہہ مین دیا اور خود بھی بطور قسم ہاتہہ لگاکر فرمایا کہ تم مرزا صاحب (مسیح موعود) کی وہ تحریر جس مین مباہلہ کی درخواست اونہون نے مسٹر ڈوئی سے کی ہے اوسکے اصل الفاظ دکہلا دو گے تو ہم مرزا صاحب کو ملہم غیبی اور دعوے مین سچا مان لینگے - اونکی خدمت مین عرض کیا کہ کیا آپ نے حقیقت الوحی کو نہین دیکہا اسپر فرمایا کہ یہہ تو بعد وفات مسٹر ڈوئی لکہی ہے ہم اوس تحریر کو دیکہنا چاہتے ہین کہ جو مباہلہ کے رنگ مین مسٹر ڈوئی کو امریکہ بھیجی گئی ہو - لہذا مولوی صاحب سے درخواست ہے کہ وہ اپنی اس عبارت کو اپنے پرچہ اہل حدیث مین درج فرماوین تب ہم انشاءاللہ اصل درخواست مباہلہ معہ حوالجات اخبارات امریکہ شایع کردینگے سہ

اسٹامپ کا وثیقہ ہو اوس پر رجسٹری
مانونگا مین نہ آپ کے قول و قسم فقط

پھر باتون ہی باتون مین اخویم قاسم علی صاحب کے حاربانہ جملے اور محکم چوٹونکی تیزی اور سخت کلامی کی فریاد فرماتے رہے اور عرصہ تک کلایانہ لہجہ مین مصروف بہ فریاد رہے سہ

ذرا تمھین میرے رونے پہ التفات نہین
ارے خدا سے ڈرو یہ ہنسی کی بات نہین
ہوائیان ہین کہ ہین نالہ شرر افشان
شب فراق ہے یارب شب برات نہین

اونکی اس دردمندانہ اور عاجزانہ نوحہ کی صدا سنکر عاجز کا دل بہی بہر آیا سہ

اپنے کی ہو یا غیر کی بہر آتے ہین آنسو
دیکہی نہین جاتی ہے مصیبت ہو کسیکی

کیونکہ ہم بھی ایک مدت سے مرقع قادیان کی زبان سے خون جگر پی چکے تھے معاً ہمیں اپنی مصیبت یاد آگئی سہ

پریشانی ہماری کاکل محبوب جانے ہے
پریشانکی پریشانی پریشان خوب جانے ہے

مرزا حسام الدین احمدی اکبر آبادی وارد حال فیض آباد

یہہ مضمون بھی عرصہ کا آیا ہوا ہے جو آج کاغذات مین سے ملا اور شایع کیا جاتا ہے (ایڈیٹر)

”جھوٹ ہو تو ایسا ہو“

جناب ایڈیٹر صاحب اہلحدیث - آپ کے اہل حدیث نمبر ۲۲ جلد (۸) مورخہ ۴ ربیع الثانی مین زیر عنوان "ایک احمدی تائب ہوا" آپ کے کسی صداقت کیش نامہ نگار نے جٹی پوری مین ایک احمدی کے غلام مصطفےٰ صاحب سہسرامی کے تاثیر وعظ سے تائب ہونیکا حال لکھا ہے - چونکہ نام اور پتہ پورا پورا میرا ہی ہے اس لئے مین خیال کرتا ہون کہ میرے متعلق ہی واقعہ نگاری کی داد دی گئی ہے - اس کے جواب مین مین اپنے احمدی ہونیکا اعلان کرتا ہون اور آپکو آپ کے ناظرین کے ساتھ سمیت اپنے احمدیت کا گواہ بناتا ہون اور پھر عرض کرتا ہون کہ جطرح آپ نے اس چٹھی کو شایع فرمایا ہے اسی طرح میرے اس نیاز نامہ کو بھی گوشہ اخبار مین جگہ دیکر اپنی نصفت پسندی - صداقت مالی سب لوگی کا ثبوت دینگے - اور میری امید اور بھی پختہ ہوجاتی ہے جب کہ مین آپ کو "انجمن صادقین" کا ایک رکن رکین پاتا ہون - اور ساتھہ ہی مین آپ کو بھی خواہانہ مشورہ دینا چاہتا ہون کہ اکثر و بیشتر شاید کارپردازان دفتر اہل حدیث کی سہل انگاری کی وجہ غلط خبرین شایع ہوجاتی ہین - جو ک ایسے اخبار کی شان سے بعید ہے جسکا ایڈیٹر آپ جیسا لائق آپ جیسا مولوی اور پھر آپ سا انجمن صادقین کا رکن ہو - چنانچہ اس سے پہلے مختار احمد صاحب کی خبر وفات بہی آپ کے اخبار مین شایع ہوئی تھی جس پر الحکم نے نوٹس بھی لیا -

اس کے بعد مین آپ کے نامہ نگار صاحب سے خطاب کرکے کہتا ہون کہ نہ معلوم بزرگوار نے کس سبزی کی عینک مین میرا تائب ہونا مشاہدہ فرمایا - ہمارے صداقت کیش نامہ نگار نے تو جہوٹ کی ناک اور سچ کے پر کاٹ دیئے - پناہ بخدا نہ مجھسے اور نہ مولوی غلام مصطفےٰ سے اس سلسلہ مبارکہ کے بارے مین کوئی تذکرہ ہوا اور نہ مولوی غلام مصطفےٰ کے وعظ مین بجز چند دور از کار قصون کے اس سلسلہ کا ذکر تھا - لیکن ہمارے نامہ نگار صاحب جب عالم مراقبہ سے اٹھتے ہین تو ان کو یہہ بھی سجھائی دیتا ہے اور وہ بہی ہمارے نامعلوم الاسم پردہ نشین نامہ نگار صاحب کو معلوم رہنا چاہیئے کہ یہہ جہوٹ افترا اور تہمت ہے - جو مسلمان کیلئے زیبا نہین - لو بالفرض اگر میرا تائب ہونا مطابق واقع بھی ہو تو اس سے مولوی غلام مصطفےٰ کی فضیلت مین کونسی زیادتی ہوسکتی ہے اور اس سلسلہ عالیہ احمدیہ کی تاثیر ایک فردی کمی سے کیا کمی آسکتی ہے؟

سنگ بدگوہر اگر کاسہ زرین شکند
قیمت سنگ نیفزاید و زر کم نشود

اہلحدیث کی پرانی بقایا کی بی باقی

یہہ نظم کسی عرصہ سے آئی ہوئی تہی جو آج کاغذات مین ملگئی ہے اسلئے شایع کیجاتی ہے - (ایڈیٹر)

سنو اے نجدیو! ہم مین نہین گو میرزا باقی
مسلے نام خدا ہے نوردین مصطفےٰ باقی

ڈراتے کیا ہو ہم کو ہم نہین ہین وہ جو ڈرجائین
ابھی ہے ہم مین جرأت ہم مین مردان خدا باقی

ہمین خطرہ نہین کچھہ بھی تمہاری فتنہ سازی سے
حمایت کے لئے ہے سر پہ جب ظل خدا باقی

ہمارے دم سے ہے اسلام کی رونق زمانہ مین
ہمین مین دیکھہ لو ہین اہل کشف و اتقیا باقی

ہماری خوش بیانی سے دل عالم مسخر ہے
ہمین مین پاؤگے شیرین زبان اہل ذکا باقی

خدا کے فضل سے غالب ہوئے ہم ایک عالم پر
ہمین مین مردمی ہے اور ہمین مین حوصلہ باقی

ہمین مین آدمیت اور ہمین مین بوئے ایمان ہے
ہمین مین ہے شرافت اور ہمین مین ہے حیا باقی

مگر اپنی کہو اے شیخ نجدی کے مریدو کچھہ
تکبر اور نخوت کے سوا ہے تم مین کیا باقی

نہین ہے تم مین کچھہ بھی علم و عقل و فہم و دانش سے
نہ پاس آبرو تم مین نہ زہد و اتقا باقی

بگڑنا - روٹھہ جانا - کوسنا اور گالیان دینا -
ہوا ظاہر کہ تم مین ہے وہ ہی پچھلی ادا باقی

جری اللہ کی تکذیب پر تم نے کمر باندہی
ذرا دل مین تو شرماؤ اگر ہے کچھہ حیا باقی

یہودیت تمہاری سے ہے عیان تکفیر عیسےٰ سے
حدیثین کھولکر دیکھو اگر ہو شک ذرا باقی

عدو اللہ کا رہتا نہین نام و نشان ہرگز
بھلا بوجہل کا دنیا مین ہے کس جا پتا باقی

نشان آسمانی سے نہ یہہ انکار تم کرتے
اگر ہوتا تمہارے دل مین کچھہ خوف خدا باقی

نہ پہول اتنا ارے نادان اپنے علم تیرہ پر
نکل جائیگی وہ بہی رہ گئی ہے جو ہوا باقی

مکذب کا ہے ہوا انجام وہ تیرا بھی ہونا ہے
سنبہل او کشتۂ حسرت رہے گر خوف خدا باقی

برنگ بوئے گل اُڑ جائیگا تو باغ عالم سے
رہینگے کب تک او ظالم تیرے جور و جفا باقی

تمہارے پیر شیخ الکل نے کیا چہوڑا بتاؤ تو
ہے اوسکا نام باقی یا کہ نام میرزا باقی

ہزاروں حسرتیں لیکر گیا وہ آہ دنیا سے
نہیں کچہ قبر مین اوسکی عفونت کے سوا باقی

ہمارے حضرت اقدس کی حالت سب پہ روشن ہے
شہادت کے لئے اب بہی ہے تائید خدا باقی

مطابق پیشگوئی کے ہوئے دنیا سے وہ رخصت
کہو اے منکرو کس بات کا ہے اب گلہ باقی

نشان دکہلائے حق نے سیکڑوں اسکی صداقت مین
مگر پہر بہی تمہارے دل مین ہے اک دغدغا باقی

میسر کامیابی کب ہوئی تمکو بتاؤ تو
تمہین انصاف سے کہدو اگر ہے کچہ حیا باقی

ہوئے نابود سب کے سب تمہارے کفر کے فتوی
نہیں ہے صفحۂ ہستی پہ کچہ اون کا پتہ باقی

لگا کر ناخنوں تک زور خود تم مٹ گئے لیکن
خدا کے فضل سے اب تک ہے اپنا سلسلہ باقی

بہار جاودان باقی ہے اس گلزار احمد نے
رہیگا تا بہ محشر دیکہہ لینا یہ ہرا باقی

خزان آئی ہے حدت سے گلستان تمہارے مین
نہال و نخل مین جسکے نہین نشو و نما باقی

عبث ہین تمکو نکتہ چینیان الہام حضرت پر
ذرا دل مین تو شرماؤ اگر ہے کچہ حیا باقی

غلط پیشینگوئی کون سی نکلی بتاؤ تو
کرو ثابت اگر ہے تم مین زہد و اتقا باقی

وفات حضرت اقدس پہ ناحق نکتہ چینی ہے
نبی دنیا مین آکر کب رہے ہین اے سدا باقی

مباہل جتنے بنکر آئے وہ سب ہو گئے غارت
نہین اب اونکا دنیا مین کہین کچہ بہی پتا باقی

غلام دستگیر و لیکہرام و ڈاکٹر ڈوئی
ذرا انصاف سے کہدو ہے انمین کونسا باقی

ثناء اللہ اگر آتا تو وہ بہی یہہ سزا پاتا
مگر بہاگا وہ باکر دم نہ تہا کچہ حوصلہ باقی

بجا ہے سب تمہین طبلہ بجاؤ یا کہ سارنگی
یہی رہ گئی مولوی سے کہ ہو تمہین زلہ ربا باقی

یہہ چہوڑو عورتوں کی طرح طعنے کوسنے دینا
ذرا میدان مین آؤ اگر ہے حوصلہ باقی

ہے زور ایسی دلیری پر ہے زوف ایسی ڈہٹائی پر
کہ منہ کی کہا کے پہر بہی ہے وہی چون و چرا باقی

ہمین عزت تمہین ذلت ہمین عشرت تمہین حسرت
ملیگا ایک دن سب ہے جو قسمت کا لکہا باقی

ترے اشعار کی تردید تو ترکی بہ ترکی ہے
مگر لکہا ہے گی وہ بہی رہی ہے جو سزا باقی

نصیحت مان لے معصوم کی او کشتۂ حسرت
ملیگا کچہ نہ تجہکو ہاتہ ملنے کے سوا باقی

(معصوم علی۔ اٹاوی)

ایک مولوی کی سرگذشت

پہلا خزان سے تختۂ گلزار ہو گیا
نرگس کا پہول دیدۂ بیمار ہو گیا

نرگس کی آنکہہ روتی ہے گلشن مین زار زار
کسکا یہہ غم ہے کون سزا وار ہو گیا

کتنے کہڑے کہائے ہین بیٹا گیا ہے کون
داغون سے تن جو لالۂ گلزار ہو گیا

دیکہو تو آرہی ہے کوئی بیٹ ڈہول بج
اپنی سزا سے آج خبردار ہو گیا

لب پر ہے ہائے ہائے نہین ہو گیا ہو گیا
کیا خوش کہ آپ کا بیکار ہو گیا

منہ سے نکل رہی ہے جو آہ جگر خراش
گردہ مین درد آپ کے کیا یار ہو گیا

ہو جناب کا تہا شیر مگر بن گئی غنم
بے بہاؤ کہا کے رہزن بازار ہو گیا

سر پر جو مولوی کے پڑی چڑہ گیا دماغ
لو انجمن مین رتبۂ میزار ہو گیا

پٹی چڑہاؤ زخم پہ مرہم لگاؤ کچہ
سر پہٹ گیا ہے نعل سے ایک غار ہو گیا

آنا سن آنکہ پر ہے دیہولا ہوا ہے پاس
ہاں آپ کا ہیوٹا یہہ فگار ہو گیا

صیاد شاد شاد یہہ کہتے ہین بار بار
جس سے کہ نیک بندون کی توہین آجکل
وحشت کا مار پیٹ سے جاتا رہا مرض
الٹی ہوئی یہ وعظ کی تاثیر یا خدا
اللہ کا ہی شکر کہ جاتا رہا غرور

مجبوس خوب روبہ مکار ہو گیا
قہر خدا مین آپ گرفتار ہو گیا
..... ہی حق مین شربت دینار ہو گیا
جسنے سنا وہ شکل سے بیزار ہو گیا
اوترا خمار نیند سے ہوشیار ہو گیا

اب آنکھ ہائے حسام کھلی اس کی مار سے
اچھا ہوا کہ نرگس بیمار ہو گیا (مرزا حسام الدین)

ریویو

سیرت مصطفٰی عمدہ تقطیع اور کاغذ لکھائی وچھپائی۔ جناب مولوی محمد اسمعیل خانصاحب نظامی نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی مختصر مگر جامع سوانحمری تصنیف کرکے شایع کی ہے مصنف موصوف نے جا بجا ضروری اعتراضات مخالفین کے جواب بھی دیئے ہین ایسی کتابین جنمین آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے پاک اور آپ کے صحیح حالات ہون آجکل مسلمان اور مسلمانون مین شایع ہونی نہایت ہی مفید اور ضروری ہین سامنے نبی عرب علیہ السلام کے سچے حالات زندگی پڑہنے سے سلیم العقل انسان بشرطیکہ متعصب نہ ہو تو آپ کی صداقت کا قائل ہو سکتا ہے اس چھوٹی سی سیرت مین مولوی صاحب نے بڑی محنت سے صحیح واقعات کو تلمبند فرما کر عمدہ طرز خوش اسلوب کے ساتھہ ادا کیا ہے اگر مسلمانان حال اس کتاب کو خرید کر اپنے بچون کو پڑہا دین اور اسلامی مدارس غیر سرکاری مین اگر یہہ کتاب داخل نصاب کیجاوے تو علاوہ مصنف کی قدردانی کے مسلمان بچون کو بہی نیک ہدایت اور نیک سیرت حاصل کرنیکا ذریعہ ہوگی ضخامت ۱۲۵ صفحہ قیمت صرف ۸ ر ہے جو منشی حیدر خانصاحب نظامی مہتمم نظامیہ ایجنسی محبوب اللہ مہرنگ ... کے پتہ سے ملسکتی ہی۔

المعین امرتسر پندرہ روز سے ہفتہ وار ہو گیا ہے۔ اس ترقی کے بعد اخبار نے ... ہونہار رنگ اختیار کیا ہے۔ قومی مضامین ... سے رنگا ہوا ہوتا ہے۔ زبان شستہ طرز بیان متین۔ باہمی تباغض و تحاسد سے نفرت۔ اتفاق و اتحاد کا حامی۔ اسلام کا دل مین درد۔ قوم کا ہمدرد۔ ایسے اخبارون سے ضرور مسلمانون کو فخر ہونا چاہیئے۔ اب اخبار کی قدردانی اور ایڈیٹر کی حوصلہ افزائی قوم کی ہمدردی پر منحصر ہے۔ خدا کرے کہ مسلمان اپنے نفع و نقصان کو سوچنے والے بنکر مفید اخبارون کی اشاعت مین تن من دہن سے دریغ نکرین۔ ہم اس ترقی پر اپنے ہمعصر کو مبارکباد دیتے ہوئے بڑے خوشی سے اس ... کا خیر مقدم کرتے ہین اور دعا کرتے ہین کہ خداوند کریم مسلمانون کو اسکی خریداری و عزت افزائی پر مائل کرے۔ آمین۔ قیمت صرف ۲ معہ محصول ڈاک ہے جو زیادہ نہین۔ درخواستین دفتر اخبار المعین امرتسر کے پتہ سے بنام حکیم ایم معراج الدین احمد صاحب منیجر کے نام ہونی چاہئین۔

جواب اشتہار مولوی غلام سرور صاحب کانپوری نے بتقریب تشریف آوری حضرت صاحبزادہ بشیر الدین محمود احمد صاحب جبکہ صاحبزادہ صاحب معائنہ مدرسہ جات اسلامیہ کے لئے امیر وفد قادیان کی شان سے ہندوستان مین بعد ایام گذشتہ دورہ کر رہے تھے ایک اشتہار خلاف واقعہ واقعات لکھکر شایع کیا تہا اوسکا جواب صاحبزادہ صاحب ممدوح نے رحم فرما کر کانپور مین چھپوایا ہے جسکو جناب معراج الدین صاحب سنٹرل انسپکٹر برادران کانپور نے شایع کیا ہے۔ اس اشتہار مین اصل واقعات کا اظہار کرکے صداقت مسیح موعود علیہ السلام کے مختصر مگر جامع دلائل بہی درج ہین۔ انجمن ہائے احمدیہ کے سکرٹری صاحبان ایک روپیہ کے چالیس اشتہار کے حساب سے جسقدر چاہین سنٹرل انسپکٹر صاحب موصوف سے طلب کرکے مفت تقسیم کرین یہہ اشتہار ۱۲ صفحہ کا ہے۔ خوشخط اور عمدہ کاغذ پر طبع ہوا ہے۔

القول الصافی اس کتاب مین اخویم حکیم انوار حسین خانصاحب رئیس شاہ آباد نہایت عمدگی کے ساتھہ مسئلہ نزول مسیح و مہدی علیہ السلام پر پوری روشنی ڈالی ہے کتاب ۴ جزو کی ہے آخر کتاب کے ایک ضمیمہ لگایا گیا ہے جس مین وہ تمام حدیثین جو مہدی کے متعلق باہمی مختلف اور نقیض ہین درج کرکے بتا یا دیا ہے کہ مہدی اور عیسے موعود ایک ہی شخص کے دو نام بلحاظ اوسکے کام کے رکھے گئے ہین۔ ملنے کا پتہ حکیم مولوی انوار حسین خانصاحب احمدی رئیس شاہ آباد ضلع ہردوئی۔ ۲/ کے ٹکٹ بھیجکر مصنف ممدوح سے طلب کرین۔

تعلیم الاخلاق ۔ فارسی نصائح انبیاء و بزرگان دین۔

اظہار الدین علی المخالفین

نمبر (۵)

گذشتہ نمبروں میں ہم نے یہہ امر بخوبی ثابت کر دیا ہے کہ حضرت اقدس حجۃ اللہ علی الارض مسیح موعود علیہ السلام نے جملہ مخالفین اسلام خصوصاً عیسائی صاحبان پر ایسی طرح سے اتمام حجت کر کے دین اسلام کو غالب کر دکہایا ہے کہ جسکی نظیر بجز زمانہ حضرت سرور کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام کسی زمانہ میں پائی نہیں جاتی۔ اس نمبر میں ہم ایک زبردست فیصلہ کن طریقہ ایک اشتہار سے نقل کرتے ہیں جس سے بڑہکر ممکن نہیں اور یہہ وہ تمام حجت ہے جسکے آگے کسی سلیم العقل کو بجز سر تسلیم خم کرنیکے چارہ نہیں ہوگا۔ اور وہ اس طرح ہے کہ فروری سنہ ۹۳ء میں حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام نے ایک ضخیم کتاب الموسوم بہ "آئینہ کمالات اسلام" جسکا دوسرا نام "دافع الوساوس" بہی ہے عربی فارسی اردو میں تصنیف فرما کر شایع کی۔ اور اس مبارک تصنیف میں ان اعتراضات کے مکمل اور کافی جواب ارقام فرمائے جنکی بنا پر علماء حال نے آپکی مقدس ذات پر فتوے تکفیر لگایا تہا۔ اسکے اندر ایک اشتہار بصفحہ ۲۷۰ تحریر فرمایا جسکی پیشانی پر "اللہ اکبر ضربت الذلۃ علے کل مخالف" لکہا اور پہر جلی حروف میں اقوام ذیل کو مخاطب فرمایا۔

"در نام جملہ پادری صاحبان وہندو صاحبان وآریہ صاحبان
وبرہمو صاحبان وسکہ صاحبان ودہریہ صاحبان ونیچری
صاحبان وغیرہ صاحبان"

ان تمام مذاہب کے لوگوں سے بڑی تحدی اور یقین کے ساتہہ اس طرح درخواست کی کہ

"چونکہ اس زمانہ میں مذاہب مندرجہ عنوان تعلیم قرآن کے سخت مخالف ہیں اور اکثر ان کے ہمارے سید و مولیٰ حضرت محمد مصطفےٰ خاتم الانبیاء صلے اللہ علیہ وسلم کو حق پر نہیں سمجہتے اور قرآن شریف کو ربانی کلام تسلیم نہیں کرتے اور ہمارے رسول کریم کو مفتری اور ہمارے صحیفہ پاک کتاب اللہ کو مجموعہ مفتریات قرار دیتے ہیں اور ایک زمانہ دراز [illegible]
[illegible]

تمام الزامات کا جواب دے دیا گیا اور جوان کے مذاہب اور کتب پر الزامات عاید ہوتے ہیں وہ شرطیں باندہ باندہ کران کو سنائے گئے مگر پہر بہی ان صاحبوں نے حق کو قبول نہیں کیا اور نہ اپنی شوخی اور بدزبانی کو چہوڑا آخر ہم نے پورے پورے اتمام حجت کی غرض سے یہہ اشتہار آج لکہا ہے جس کا مختصر مضمون ذیل میں درج کیا جاتا ہے:

صاحبو! تمام اہل مذاہب جو سزا اور جزا کو مانتے ہیں اور روز آخرت پر یقین رکہتے ہیں اگرچہ صدہا باتوں میں مختلف ہیں مگر اس کلمہ پر سب اتفاق رکہتے ہیں کہ خدا موجود ہے اور یہہ دعوے کرتے ہیں کہ اسی خدا نے ہمیں یہہ مذہب دیا ہے اور کہتے ہیں کہ اسکی مرضی پر چلنے والے اور پیارے بندے صرف ہم ہیں اور باقی سب مورد غضب اور ضلالت کے گڑہے میں گرے ہوئے ہیں جن سے خدا تعالےٰ سخت ناراض ہے۔ پس جبکہ ہر ایک کا دعوے ہے کہ میری راہ خدا تعالےٰ کی مرضی کے موافق ہے اور مدار نجات اور قبولیت فقط یہی راہ ہے اور اسی راہ پر قدم مارنے سے خدا تعالےٰ راضی ہوتا ہے اور ایسوں سے ہی وہ پیار کرتا ہے اور ایسوں کی ہی وہ اکثر اور اغلب طور پر دعائیں قبول کرتا ہے۔ تو پہر فیصلہ نہایت آسان ہے اور ہم اس کلمہ مذکورہ میں ہر ایک صاحب کے ساتہہ اتفاق کرتے ہیں ہمارے نزدیک بہی یہہ سچ ہے کہ سچے اور جہوٹے میں اسی دنیا میں کوئی ایسا مابہ الامتیاز قائم ہونا چاہیئے جو خدا تعالےٰ کی طرف سے ظاہر ہو۔ یوں تو کوئی اپنی قوم کو دوسری قوموں سے خدا ترسی اور پرہیزگاری اور توحید اور عدل اور انصاف اور دیگر اعمال صالحہ میں کم نہیں سمجہیگا۔ پہر اس طور سے فیصلہ ہونا محال ہے۔ اگرچہ ہم کہتے ہیں کہ اسلام میں وہ قابل تعریف باتیں بے نظیر کمال کے ساتہہ پائی جاتی ہیں جن سے اسلام کی خصوصیت ثابت ہوتی ہے لیکن جبکہ تعصب درمیان ہے تو اسلام کی ان خوبیوں کو کون قبول کر سکتا ہے اور کون سن سکتا ہے سو یہہ طریق نظری ہے اور نہایت

